کیا سارے اصحاب«اشداء علي الکفار» «رحماء بينهم» تھے ؟ کیا اس آیت سے بیت فاطمہ س پر ہجوم کی نفی ہوسکتی ہے؟

<"xml encoding="UTF-8?>

کیا سارے اصحاب«اشداء علي الکفار» «رحماء بينهم» تھے ؟ کیا اس آیت سے بیت فاطمہ س پر ہجوم کی نفی ہوسکتی ہے؟

مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللَّهِ وَالَّذينَ مَعَهُ أَشِدَّاءُ عَلَي الْكُفَّارِ..

والی آیت اور بیت الزہرا پر ھجوم کی نفی.

مطالب کی فہرست :

شبہے کی وضاحت :

یہ آیت سارے اصحاب کو شامل نہیں ہے :

سارے اصحاب «اشداء علي الکفار» نہیں تھے :

سارے اصحاب «رحماء بينهم» نہیں تھے :

کیا خلفاء «اشداء علي الکفار» تھے ؟:

کیا «رحماء بينهم» عمر کو بھی شامل ہوسکتا ہے ؟:

شبھے کی وضاحت :

اللہ تعالی نے قرآن مجید میں ،انحضرت (ص) کے اصحاب کی تعریف میں فرمایا ہے کہ یہ آپس میں مہربان تھے :

مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللَّهِ وَالَّذينَ مَعَهُ أَشِدَّاءُ عَلَي الْكُفَّارِ رُحَماءُ بَيْنَهُمْ تَراهُمْ رُكَّعاً سُجَّداً يَبْتَغُونَ فَضْلاً مِنَ اللَّهِ وَ رِضْواناً سيماهُمْ في وُجُوهِهِمْ مِنْ أَثَرِ السُّجُودِ ذلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْراةِ وَ مَثَلُهُمْ فِي الْإِنْجيلِ كَزَرْعٍ أَخْرَجَ شَطْأَهُ فَآزَرَهُ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوي عَلي سُوقِهِ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغيظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ وَعَدَ اللَّهُ الَّذينَ آمَنُوا وَ عَمِلُوا الصَّالِحاتِ مِنْهُمْ مَغْفِرَةً وَ أَجْراً عَظيماً. الفتح / 29.

محمد (صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں اور جو لوگ ان کے ساتھ ہیں وہ کفار پر سخت گیر اور آپس میں مہربان ہیں، آپ انہیں رکوع، سجود میں دیکھتے ہیں، وہ اللہ کی طرف سے فضل اور خوشنودی کے طلبگار ہیں سجدوں کے اثرات سے ان کے چہروں پر نشان پڑے ہوئے ہیں، ان کے یہی اوصاف توریت میں بھی ہیں اور انجیل میں بھی ان کے یہی اوصاف ہیں، جیسے ایک کھیتی جس نے (زمین سے) اپنی سوئی نکالی پھر اسے مضبوط کیا اور وہ موٹی ہو گئی پھر اپنے تنے پر سیدھی کھڑی ہو گئی اور کسانوں کو خوش کرنے لگی تاکہ اس طرح کفار کا جی جلائے، ان میںسے جو لوگ ایمان لائے اور اعمال صالح بجا لائے ان سے اللہ نے مغفرت اور اجر عظیم کا وعدہ کیا ہے۔٭

سوال :

کیا یہ آیت رسول اللہ صلی علیہ و آلہ وسلم کے تمام اصحاب اور خلفا ثلاثہ کو شامل نہیں ہے ؟ کیا اس سے یہ ثابت نہیں ہوتی ہے کہ یہ سب کفار کے مقابلے میں سخت اور آپس میں مہربان اور رحم دل تھے ؟

اب جب ایسا ہے تو کیسے ممکن ہے کہ ان اصحاب نے علی بن ابی طالب علیہ السلام کے حق کو غصب کیا ہوا اور ان کے گھر پر حملہ کر کے بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو مارا ہوا، یہاں تک کہ ان کا بچہ اسی وجہ سے سقط ہوا ہو؟

اب یہ تہمتیں کہ جو خلفا پر لگائی جاتی ہے کیا یہ قرآن کے واضح نص کے خلاف نہیں ہے ؟

اس آیت کی مختصر تفسیر [شیعہ مفسر شیخ محسن علی نجفی کی تفسیر الکوثر سے]

۔ اس آیت میں رسول اسلامؐ کے ساتھیوں کے پانچ اہم ایسے اوصاف بیان ہوئے ہیں جن کی مثال دوسری آسمانی کتابوں میں بھی ہے۔ رسول اللہؐ کے ہم عصر مسلمانوں میں سے جن ہستیوں میں یہ اوصاف موجود ہوں، ان کے لیے یہ بہت بڑی فضلیت ہے۔ یہ ایسی فضلیت ہے جس کے لیے خود اللہ اجر عظیم کا صریح وعدہ فرما رہا ہے۔ یہ وعدہ ان لوگوں کے لیے ہے جو رسول اللہؐ کی معیّت میں ہیں ۔ معیّت اور صحبت میں فرق ہے ۔ صحبت ایک جگہ ساتھ پائے جانے کو کہتے ہیں، جبکہ معیّت ایک مشن ایک تحریک میں ہر قدم پر ساتھ دینے کو کہتے ہیں۔ چنانچہ ان ربی یصاحبنی نہیں کہتے بلکہ اِنَّ مَعِیَ رَبِّی کہتے ہیں، اِنَّ اللّٰہَ مَعَنَا کہتے ہیں، چونکہ اللہ ہر قدم پر ساتھ ہوتا ہے اور وَ طَآئِفَۃٌ مِّنَ الَّذِیۡ نَ مَعَکَ (مزمل:20) اور ایک جماعت جو آپ کے ساتھ ہے۔ قابل توجہ نکتہ یہ

ہے کہ سورہ توبہ آیت 40 میں فرمایا: اِذۡ یَقُوۡ لُ لِصَاحِبِہٖ لَا تَحۡ زَنۡ اِنَّ اللّٰہَ مَعَنَا ۔ اس میں ساتھی کے لیے صاحبہ اور اللہ کے لیے مَعَنَا کہا۔ یعنی رسول اللہؐ کو ایک ساتھی کی صحبت اور اللہ کی معیّت حاصل تھی۔ وہ لوگ جو ہر میدان میں رسولؐ کے ساتھ نہیں رہے اور جنہوں نے میدان جنگ میں ایک کافر کو بھی نہیں مارا نیز جو آپس میں نہایت تند مزاجی سے پیش آئے ہوں، وہ لوگ اس آیت کے مصداق نہیں ہیں۔ اس آیت مبارکہ سے وہ موضوعاً خارج ہیں، جن پر یہ آیت صادق آتی ہے، ان پر طعن، قرآن کی نص صریح کے خلاف ہے۔ اس کا کوئی مسلمان مرتکب نہیں ہو سکتا اور جن پر یہ آیت صادق نہیں آتی ان کو آیت سے خارج سمجھنا طعن نہیں ہے۔ چنانچہ اَصۡ حابُ افک میں بدری بھی شامل ہیں، جن کی سورہ نور آیت 23 میں بھرپور مذمت ہے۔ ولید بن عتبہ بھی صحابی ہے۔ سورہ حجرات آیت 6 میں اسے فاسق کہا ہے۔ اس بنا پر وَ الَّذِیۡ نَ مَعَہٗۤ میں معیّت مراد لینا ہو گا، صحبت نہیں۔ اسی لیے اول تو مِّنَ برائے تبعیض ہے، چونکہ مِّنَ بیانیہ ضمیر پر داخل نہیں ہوتا، ثانیاً اس مِّنَ سے ہٹ کر خود قرآنی دیگر آیات اور تاریخی شواہد اس استثنا پر قطعی شاہد ہیں۔

لِیَغِیۡ ظَ بِہِمُ الۡ کُفَّارَ : تاکہ ان کی نشو و نما کفار کو جلائے۔ جن پر کفار جلتے ہیں ان کی رسول سے معیت ثابت ہوتی ہے۔ نہ مطلق جلنا، بلکہ رسولؐ کی ہر قدم میں معیت کی وجہ سے جلنا۔ ایسا نہیں ہے کہ جو بھی لوگ ان پر جلتے ہوں، وہ کافر ثابت ہو جائیں۔ اصحاب ایک دوسرے پر نہ صرف جلتے تھے، مقاتلہ تک کی نوبت آتی تھی۔ اگر کسی صحابی پر جلنے والا کافر ہوتا ہے تو اس کی زد میں عصر معاویہ سے عصر عمر بن عبد العزیز تک ساری امت آجاتی ہے۔ اس نکتے کی طرف متوجہ ہو کر مفسر تھانوی نے لکھا ہے: صحابہ پر کافروں کے ذی غیظ ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ جو بھی صحابہ پر ذی غیظ ہو وہ کافر ہے۔

یہ آیت سارے اصحاب کو شامل نہیں ہے :

جن آیات کے ذریعے تمام اصحاب اور خاص کر خلفا کی عدالت کو ثابت کرنے کے لئے استدلال کرتے ہیں ان میں سے ایک یہی مذکورہ آیت ہے۔ یہاں پر یہ ادعا کرتے ہیں کہ اس آیت میں تمام اصحاب کو «اشداء علي الكفار» اور «رحماء بينهم» کہا ہے اور سب کو معاف کیا ہے اور سب کے لئے نیک جزا کا وعدہ دیا ہے ۔

ہم اس قسم کے استدلال کے جواب میں کہتے ہیں :

یہ آیت کسی صورت میں بھی تمام اصحاب کی عدالت کو ثابت نہیں کرتی کیونکہ یہاں معیت سے مراد صرف جسمی معیت مراد نہیں ہے بلکہ روحی ، فکری اور ایمانی معیت مراد ہے اور اس سے مراد وہ لوگ ہیں کہ جو ان اوصاف کے مالک ہوں ۔

اللہ نے اس آیت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے اصحاب کی خصوصیات بیان کی ہیں ،

آیت یہ نہیں کہہ رہی ہے کہ جو بھی آپ کے اصحاب کے نام سے مشہور ہو وہ سب ایسی خصوصیات اور صفات کے مالک ہیں ، بلکہ آیت قرآن کی نظر میں آُپ کے حقیقی اصحاب کی خصوصیات اور تعریف بیان کر رہا ہے ۔لہذا جو بھی ان خصوصیات کے مالک ہو وہ قرآن کی نگاہ میں صحابی کہنے کے لائق ہیں اور جن میں یہ خصوصیات نہیں وہ قرآن کی نگاہ میں آپ کے حقیقی صحابی نہیں ہے ۔

دوسرے الفاظ میں یہ کہنا صحیح ہے کہ یہ آیت قرآن کی نظر میں صحابہ کا مفہوم اور معنی بیان کر رہی ہے ۔ اسی لئے صحابہ کہے جانے والے جن جن میں یہ خصوصیات موجود ہوں وہ قرآن کی نگاہ میں صحابہ ہیں۔

اگر ہم اصحاب کے نام سے معروف لوگوں کی زندگی کے بارے میں تحقیق کرئے تو بہت سے اصحاب ان خصوصیات سے عاری تھے ۔

لہذا ان خصوصیات سے عاری لوگوں کو یہ آیت شامل نہیں ہوسکتی ۔ بلکہ آیت انہیں لوگوں کے لئے ہے کہ جن میں یہ قرآنی خصوصیات موجود ہوں۔

ایک اہم تفسیری نکتہ : جیساکہ شیعہ عالم دین مرحوم مظفر نے اصول فقہ کی کتاب میں مجمل کی بحث میں اس نکتے کی طرف اشارہ کیا ہے کہ آیت کا پہلا حصہ مجمل ہے ظاہر آیت سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ سارے اصحاب عادل ہیں لیکن آیت کا آخری حصہ بتاتا ہے کہ یہ سب آصحاب کی خصوصیات نہیں ہیں ۔ جیساکہ "وَعَدَ اللَّهُ الَّذينَ آمَنُوا وَ عَمِلُوا الصَّالِحاتِ مِنْهُمْ مَغْفِرَةً وَ أَجْراً عَظيماً. " اہل ایمان میں سے نیک عمل انجام دینے والوں کے لئے یہ فضیلتیں اور وعدے ہیں۔۔

جو نیک عمل صالح کا مالک نہ ہو اور برے کاموں کے مرکب ہوئے ہوں وہ اس آیت سے خارج ہیں ---

سارے اصحاب «اشداء علي الكفار» نہیں تھے :

اس آیت کے مطابق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھیوں کی خصوصیات، «اشداء علي الكفار؛ یعنی کفار کے مقابلے میں سرسخت ہونا اور سخت رویہ رکھنا» ہے ۔

اب اصحاب کی زندگی پر نظر کرئے اور صدر اسلام کی جنگوں سے ان میں سے بعض کے گریزاں ہونے اور دور بھاگنے کو دیکھا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ سارے اصحاب اس خصوصیت کے حامل نہیں تھے ، جیساکہ بعض اصحاب کا جنگ احد، جنگ خیبر اور جنگ حنین سے بھاگنا اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تھوڑے اصحاب کے ساتھ تنہا رہنا اسی حقیقت کو بیان کرتا ہے ۔

اللہ تعالی نے جنگ احد کے بارے میں اصحاب کے حوالے سے ارشاد فرمایا ہے :

إِنَّ الَّذِينَ تَوَلَّوْاْ مِنكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الجَمْعَانِ إِنَّمَا اسْتزَلَّهُمُ الشَّيْطَانُ بِبَعْضِ مَا كَسَبُواْ وَ لَقَدْ عَفَا اللَّهُ عَنهُْمْ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ حَلِيم. آل عمران / 155.

جو لوگ تم میں سے (اُحد کے دن) جبکہ (مومنوں اور کافروں کی) دو جماعتیں ایک دوسرے سے گتھ گئیں (جنگ سے) بھاگ گئے تو ان کے بعض افعال کے سبب شیطان نے ان کو پھسلا دیا مگر خدا نے ان کا قصور معاف کر دیا بےشک خدا بخشنے والا اور بردبار ہے

سورہ توبہ آیہ 25 میں ارشاد ہوا ہے :

لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللَّهُ في مَواطِنَ كَثيرَةٍ وَ يَوْمَ حُنَيْنٍ إِذْ أَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ فَلَمْ تُغْنِ عَنْكُمْ شَيْئاً وَ ضاقَتْ عَلَيْكُمُ الْأَرْضُ بِما

رَحُبَتْ ثُمَّ وَلَّيْتُمْ مُدْبِرِين. التوبة / 25.

اللہ نے بہت سے موقعوں پر تم کو مدد دی ہے اور جنگ حنین کے دن جب کہ تم کو اپنی جماعت کی کثرت پر غره تھا تو وہ تمہارے کچھ بھی کام نہ آئی اور زمین باوجود اپنی فراخی کے تم پر تنگ ہو گئ۔ پھر تم پیٹھ پھیر گئے۔

یہ دو آیت بتاتی ہیں کہ اصحاب جنگ احد اور جنگ حنین میں بھاگ گئے تھے جبکہ جنگ حنین میں بارہ ہزار اصحاب شریک تھے۔ لیکن جنگ کے وقت سواے بعض کے سب رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو تنہا چھوڑ کر بھاگ گئے تھے ۔ جبکہ بیعت بیعت رضوان کے وقت جنگ سے فرار نہ کرنے کا عہد لیا تھا۔

اب ان حقائق کے باجود کیسے یہ کہا جاسکتا ہے کہ آپ کے تمام اصحاب «اشداء علي الكفار» تھے ؟

لهذا یہ آیت سارے اصحاب کو شامل نہیں ہے بلکہ صرف ان اصحاب کو شامل ہے کہ جو دشمن کے ساتھ ڈٹ کر مقابلہ کرتے تھے اور استقامت سے کام لیتے تھے .

سارے اصحاب «رحماء بینهم» نہیں تھے :

اس آیت کی رو سے رسول خدا صلی اللہ علیه وآله وسلم کے اصحاب کی دوسری خصوصیت ایک دوسرے کے ساتھ مہربان اور رحم دل ہونا ہے، صدر اسلام کے واقعات اور اصحاب کی زندگی کا مطالعہ کرئے تو معلوم ہوتا ہے کہ سارے اصحاب ایسے نہیں تھے ۔

اصحاب کے درمیان جنگ اور خونریزی کے واقعات اس خصوصیت کے بلکل برعکس ہے ، اسلامی دنیا کے مختلف علاقوں سے اصحاب کا مدینہ میں جمع ہونا اور جناب عثمان کو قتل کرنے والے گروہ کی سرپرستی اور لیڈری کرنا ،اسی طرح اصحاب کے درمیان ہونے والی جنگیں خاص کر جنگ جمل ،جنگ صفین اور نہروان وغیرہ اسی مطلب پر بہترین گواہ ہے ۔

ہم نے ایک مقالہ «آیه السابقون الأولون کی تحقیق » کے ضمن میں ان اصحاب میں سے بعض کے ناموں کا ذکر کیا ہے کہ جنھوں نے جناب عثمان کے قتل میں کردار ادا کیا اور اس میں شریک رہے ۔

کیا خلفاء «اشداء علي الكفار» تھے ؟:

کیونکہ اهل سنت کا اس آیت سے استدلال کی بنیادی وجہ خلفا ثلاثہ سے دفاع اور خلفا کی طرف سے حضرت زہرا سلام اللہ علیہا کے گھر پر حملہ اور ان کی شہادت کا انکار ہے۔ لہذا ہم یہاں خاص طور سے خلفا کی سیرت اور ان کی زندگی کے سلسلے میں بحث کریں گے اور یہ دیکھنے کی کوشش کریں گے کہ کیا خلفا ان خصوصیات کے حامل تھے یا نہیں؟،

اصل بحث کو شروع کرنے سے پہلے مختصر طور پر جنگ سے گریز اور بھاگنے کے حکم بیان کرتے ہیں ؛

جنگ سے بھاگنے کا حکم :

یقینی طور پر میدان جنگ سے بھاگنا ایک گناہ کبیرہ ہے کہ جو عقل اور شرع دونوں کی نظر میں ایک ناپسند عمل ہے ۔

کیونکہ اس سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ جنگ سے بھاگنے والا اللہ کے وعدہ پر ایمان نہیں رکھتا اور اللہ کی راہ میں قربانی پیش کرنے سے دور بھاگتا ہے ۔

اور اگر اس فرار کی وجہ سے رسول اللہ صلی میدان جنگ میں تنہا ہ جائے اور کفار آپ کو شہید کر دئے تو اس کا گناہ اور زیادہ شدید ہوجاتا ہے ۔

اللہ تعالی نے جنگ احد میں فرار کرنے والوں کے بارے میں فرمایا :

يَأَيُّهَا الَّذِينَ ءَامَنُواْ إِذَا لَقِيتُمُ الَّذِينَ كَفَرُواْ زَحْفًا فَلَا تُوَلُّوهُمُ الْأَدْبَار. وَ مَن يُوَلِّهِمْ يَوْمَئذٍ دُبُرَهُ إِلا مُتَحَرِّفًا لِّقِتَالٍ أَوْ مُتَحَيزًّا إِلىَ فِئَةٍ فَقَدْ بَاءَ بِغَضَبٍ مِّنَ اللَّهِ وَ مَأْوَئهُ جَهَنَّمُ وَ بِئْسَ الْمَصِير. الأنفال / 15 و 16.

اے ایمان والو! جب تم کافروں سے دو بدو مقابل ہو جاؤ تو ان سے پشت مت پھیرنا

اور جو شخص ان سے اس موقع پر پشت پھیرے گا مگر ہاں جو لڑائی کے لیے پینترا بدلتا ہو یا جو (اپنی) جماعت کی طرف پناہ لینے آتا ہو وہ مستثنیٰ ہے*۔ باقی اور جو ایسا کرے گا وہ اللہ کے غضب میں آجائے گا اور اس کا ٹھکانہ دوزخ ہوگا وہ بہت ہی بری جگہ ہے!.

اھل سنت کی معتبر کتابوں میں بھی ایسی بہت سی روایات موجود ہیں کہ کے مطابق جنگ سے بھاگنا حرام ہے ۔

محمد بن اسماعیل بخاری نے اپنی صحیح میں نقل کیا ہے :

عن أبي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه عن النبي صلى الله عليه وسلم قال اجْتَنِبُوا السَّبْعَ الْمُوبِقَاتِ قالوا يا رَسُولَ اللَّهِ وما هُنَّ قال الشِّرْكُ بِاللَّهِ وَالسِّحْرُ وَقَتْلُ النَّفْسِ التي حَرَّمَ الله إلا بِالْحَقِّ وَأَكْلُ الرِّبَا وَأَكْلُ مَالِ الْيَتِيمِ وَالتَّوَلِّي يوم الزَّحْفِ وَقَذْفُ الْمُحْصَنَاتِ الْمُؤْمِنَاتِ الْغَافِلاتِ.

ابوھریرہ نے رسول خدا (ص) سے نقل کیا ہے : رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا ”سات گناہوں سے جو تباہ کر دینے والے ہیں، بچتے رہو۔“ صحابہ نے پوچھا یا رسول اللہ! وہ کون سے گناہ ہیں؟ فرمایا ”اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانا ‘ جادو کرنا ‘ کسی کی ناحق جان لینا کہ جسے اللہ تعالیٰ نے حرام قرار دیا ہے ‘ سود کھانا ‘ یتیم کا مال کھانا ‘ جنگ سے بھاگ جانا ‘ پاک دامن بھولی بھالی ایمان والی عورتوں پر تہمت لگانا۔

البخاري الجعفي، محمد بن إسماعيل أبو عبدالله (متوفاي256هـ)، صحيح البخاري، ج 3، ص 1017، ح 2615، كتاب الوصايا، ب 23، باب قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى (إِنَّ الَّذِينَ يَأْكُلُونَ... و ج 6، ص 2515، ح 6465، كتاب الحدود، ب 44، باب رَمْيِ الْمُحْصَنَاتِ، تحقيق د. مصطفى ديب البغا، ناشر: دار ابن كثير، اليمامة - بيروت، الطبعة: الثالثة، 1407 - 1987.

النيسابوري، مسلم بن الحجاج أبو الحسين القشيري (متوفاي261هـ)، صحيح مسلم، ج 1، ص 92، ح89، كتاب الإيمان، بَاب بَيَانِ الْكَبَائِرِ وَأَكْبَرِهَا، تحقيق: محمد فؤاد عبد الباقي، ناشر: دار إحياء التراث العربي - بيروت.

شوكاني، نے اس حدیث کے ذیل میں نقل کیا ہے :

(وفي الحديث) دَلِيلٌ على أَنَّ هذه السَّبْعَ الْمَذْكُورَةَ من كَبَائِرِ الذُّنُوبِ وَالْمَقْصُودُ من إيرَادِ الحديث ها هنا هو قَوْلُهُ فيه وَالتَّوَلِّي يوم الزَّحْفِ فإن ذلك يَدُلُّ على أَنَّ الْفِرَارَ من الْكَبَائِرِ الْمُحَرَّمَةِ وقد ذَهَبَ جَمَاعَةٌ من أَهْلِ الْعِلْمِ إلَى أَنَّ الْفِرَارَ من مُوجِبَاتِ الْفِسْقِ.

اس حدیث میں موجود یہ سات چیزیں بڑے گناہوں میں سے ہیں اور ہمارا مقصد ان میں سے چھٹا ہے یعنی جنگ سے فرار کرنا ہے، اس کو بڑے گناہوں میں سے شمار کیا ہے اور بعض علما نے اس کو فسق کا موجب قرار دیا ہے یعنی ایسا آدمی فاسق ہوگا ۔

الشوكاني، محمد بن علي بن محمد (متوفاي 1255هـ)، نيل الأوطار من أحاديث سيد الأخيار شرح منتقى الأخبار، ج 8، ص 78 – 80، ناشر: دار الجيل، بيروت – 1973.

ابن حزم اندلسی نے جنگ سے فرار کے حکم کے بیان میں کہا ہے :

مسألة، ولا يحل لمسلم أن يفرّ عن مشرك ولاعن مشركين ولو كثر عددهم أصلاً لكن ينوى في رجوعه التحيز إلى جماعة المسلمين ان رجا البلوغ، إليهم أو ينوى الكر إلى القتال فإن لمن ينو الا تولية دبره هاربا فهو فاسق ما لم يتب، قال الله عز وجل: (يَأَيُّهَا الَّذِينَ ءَامَنُواْ إِذَا لَقِيتُمُ الَّذِينَ كَفَرُواْ زَحْفًا فَلا تُوَلُّوهُمُ الْأَدْبَار. وَ مَن يُوَلِّهِمْ يَوْمَئذٍ دُبُرَهُ إِلا مُتَحَرِّفًا لِّقِتَالٍ أَوْ مُتَحَيزًّا إِلىَ فِئَةٍ فَقَدْ بَاءَ بِغَضَبٍ مِّنَ اللَّهِ وَ مَأْوَئهُ جَهَنَّمُ).

مسلمانوں کے لئے جائز نہیں ہے کہ وہ مشرکوں سے جنگ سے فرار اختیار کرئے اگرچہ دشمنوں کی تعداد زیادہ بھی ہو اور اگر جنگ سے پیچھے ہٹے تو بھی اس نیت سے ہٹے کہ دوسروں مسلمانوں سے ملکر دوبارہ جنگ جاری رکھے گا اگر یہ نیت نہ ہو تو یہ فاسق شمار ہوگا مگر یہ کہ وہ توبہ کرئے ،اللہ فرماتا ہے :

اے ایمان والو! جب تم کافروں سے دو بدو مقابل ہو جاؤ تو ان سے پشت مت پھیرنا

اور جو شخص ان سے اس موقع پر پشت پھیرے گا مگر ہاں جو لڑائی کے لیے پینترا بدلتا ہو یا جو (اپنی) جماعت کی طرف پناہ لینے آتا ہو وہ مستثنیٰ ہے*۔ باقی اور جو ایسا کرے گا وہ اللہ کے غضب میں آجائے گا اور اس کا ٹھکانہ دوزخ ہوگا وہ بہت ہی بری جگہ ہے!.

إبن حزم الظاهري، علي بن أحمد بن سعيد أبو محمد (متوفاي456هـ)، المحلى، ج 7، ص 292، المسألة 923 لا يحل لمسلم ان يفر عن مشرك ولا عن مشركين ولو كثر عددهم أصلا...، تحقيق: لجنة إحياء التراث العربي، ناشر: دار الآفاق الجديدة - بيروت.

خلیفه اول اور دوم، مشرکین سے جنگ کے مخالف تھے :

جنگ بدر، تاریخ اسلام کی پہلی اور اہم ترین جنگوں میں سے ہے ۔یہ جنگ مدینہ میں اسلامی حکومت کی بنیاد مضبوط کرنے میں اہم جنگ تھی ، رسول اللہ صلی اللہ عیہ و آلہ وسلم نے شروع میں اصحاب سے جنگ کرنے یا واپس مدینہ پلٹنے کے بارے مشورہ لیا، اهل سنت کے علما نے واضح طور پر بیان کیا ہے کہ جب آُپ نے مشورہ لیا تو ابوبکر اور عمر جنگ کے مخالف تھے اور مدینہ واپس پلٹنے کا مشورہ دئے رہے تھے .

عَنْ أَنَس، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم شَاوَرَ حِينَ بَلَغَهُ إِقْبَالُ أَبِي سُفْيَانَ قَالَ فَتَكَلَّمَ أَبُو بَكْر فَأَعْرَضَ عَنْهُ ثُمَّ تَكَلَّمَ عُمَرُ فَأَعْرَضَ عَنْهُ فَقَامَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ فَقَالَ إِيَّانَا تُرِيدُ يَا رَسُولَ اللَّهِ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَوْ أَمَرْتَنَا أَنْ نُخِيضَهَا الْبَحْرَ لأَخَضْنَاهَا وَلَوْ أَمَرْتَنَا أَنْ نَضْرِبَ أَكْبَادَهَا إِلَى بَرْكِ الْغِمَادِ لَفَعَلْنَا - قَالَ - فَنَدَبَ رَسُولُ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم النَّاسَ فَانْطَلَقُوا حَتَّى نَزَلُوا بَدْرًا...

جناب انس سے روایت ہے ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے مشورہ کیا جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ابوسفیان کے آنے کی خبر پہنچی تو ابوبکر نے گفتگو کی۔ آپ نے جواب نہ دیا، پھر عمر نے کی تب بھی آپ مخاطب نہ ہوئے۔ آخر سعد بن عبادہ (انصار کی رئیس اٹھے) اور انہوں نے کہا: آپ ہم سے پوچھتے ہیں یا رسول اللہ! قسم اللہ کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اگر آپ ہم کو حکم کریں کہ ہم گھوڑوں کو سمندر میں ڈال دیں تو ہم ضرور ڈال دیں اور اگر آپ حکم کریں کہ ہم گھوڑوں کو برک الغماد تک بھگا دیں۔

تب رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے لوگوں کو بلایا اور وہ چلے۔ یہاں تک کہ بدر میں اترے۔

النيسابوري، مسلم بن الحجاج أبو الحسين القشيري (متوفاي261هـ)، صحيح مسلم، ج 5، ص 170، ح4513، كتاب الجهاد والسير (المغازی)، باب غَزْوَةِ بَدْر، تحقيق: محمد فؤاد عبد الباقي، ناشر: دار إحياء التراث العربي - بيروت.

رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے ابوبکر اور عمر سے روگردانی کی اور انہیں جواب نہیں دیا تو اس کی وجہ یہ تھی کہ ان دونوں نے ایسے کلمات زبان پر لائے تھے جو کفار کی عزت اور قدرت کو بیان کرنے اور مسلمانوں کے جذبے اور قلوب کو کمزور کرنے والے کلمات تھے جیساکہ نقل ہوا ہے:

فقال عمر بن الخطاب: يا رسول الله إنها قريش وعزها، والله ما ذلت منذ عزت ولا آمنت منذ كفرت....

عمر بن الخطاب نے کہا : یا رسول اللہ ! قریش عزت والے ہیں ،اللہ کی قسم جس دن سے عزت کا مالک ہوئے ہیں انہوں نے ذلت نہیں دیکھی ہے، جس وقت کافر ہوئے اس وقت سے ایمان نہیں لائے ہیں ....

البيهقي، أبي بكر أحمد بن الحسين بن علي (متوفاي458هـ)، دلائل النبوة ج 3، ص 107.

الذهبي، شمس الدين محمد بن أحمد بن عثمان، (متوفاي748هـ)، تاريخ الإسلام ووفيات المشاهير والأعلام، ج 2، ص 106، تحقيق د. عمر عبد السلام تدمرى، ناشر: دار الكتاب العربي - لبنان/ بيروت، الطبعة: الأولى، 1407هـ - 1987م.

السيوطي، عبد الرحمن بن الكمال جلال الدين (متوفاي911هـ)، الدر المنثور، ج 4، ص 20، ناشر: دار الفكر - بيروت – 1993.

الصالحي الشامي، محمد بن يوسف (متوفاي942هـ)، سبل الهدى والرشاد في سيرة خير العباد، ج 4، ص 26، تحقيق: عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض، ناشر: دار الكتب العلمية - بيروت، الطبعة: الأولى، 1414هـ.

الحلبي، علي بن برهان الدين (متوفاي1044هـ)، السيرة الحلبية في سيرة الأمين المأمون، ج 2، ص 386، ناشر: دار المعرفة - بيروت – 1400.

اب بنیادی سوال یہ ہے کہ جو کفار کے بارے میں ایسی سوچ اور جذبہ رکھتا ہو تو کیا ،مذکورہ آیت میں موجود «اشداء علي الكفار» کی تعبیر ایسے بندے کو بھی شامل ہوگا؟

ابوبکر کا جنگ احد سے فرار ہونا :

اس میں شک نہیں ہے کہ «اشداء علي الكفار» کا جملہ کفار سے جنگ کرنے سے بھاگنے والوں کے لئے مناسب نہیں ہے ۔جبکہ خلفائ ثلاثہ جنگ احد ،جنگ خیبر اور جنگ حنین میں میدان سے بھاگ نکلے تھے ۔

جنگ احد میں ابوبکر کے فرار کے دلائل میں سے ایک خود جناب ابوبکر کا اعتراف ہے کہ جس کو جناب عائشہ نے نقل کیا ہے ؛

كان أبو بكر رضي الله عنه إذا ذكر يوم أحد بكى ثم قال ذاك كله يوم طلحة ثم أنشأ يحدث قال كنت أول من فاء يوم أحد فرأيت رجلا يقاتل مع رسول الله صلى الله عليه وسلم دونه وأراه قال يحميه قال فقلت كن طلحة حيث فاتني ما فاتني فقلت يكون رجلا من قومي أحب إلي وبيني وبين المشرق رجل لا أعرفه وأنا أقرب إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم منه وهو يخطف المشي خطفا لا أخطفه فإذا هو أبو عبيدة بن الجراح فانتهينا إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم وقد كسرت رباعيته وشج في وجهه وقد دخل في وجنته حلقتان من حلق المغفر.

عائشه کہتی ہے : ابوبکر جب بھی احد کو یاد کرتا وہ روتا اور کہتا: وہ طلحہ کا دن تھا ،بھاگنے والوں میں سے سب سے پہلے پہنچا ، میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ کسی کفار سے جنگ کر رہے تھے --

الطيالسي البصري، سليمان بن داود أبو داود الفارسي (متوفاي204هـ)، مسند أبي داود الطيالسي، ج 1، ص 3، ناشر: دار المعرفة - بيروت.

الشيباني، أحمد بن حنبل أبو عبد الله (متوفاي241هـ)، فضائل الصحابة، ج 1، ص 222، تحقيق د. وصي الله محمد عباس، ناشر: مؤسسة الرسالة - بيروت، الطبعة: الأولى، 1403هـ – 1983م.

الأصبهاني، أبو نعيم أحمد بن عبد الله (متوفاي430هـ)، حلية الأولياء وطبقات الأصفياء، ج 1، ص 87، ناشر: دار الكتاب العربي - بيروت، الطبعة: الرابعة، 1405هـ.

المزي، يوسف بن الزكي عبدالرحمن أبو الحجاج (متوفاي742هـ)، تهذيب الكمال، ج 13، ص 417، تحقيق: د. بشار عواد معروف، ناشر: مؤسسة الرسالة - بيروت، الطبعة: الأولى، 1400هـ – 1980م.

الذهبي، شمس الدين محمد بن أحمد بن عثمان، (متوفاي748هـ)، تاريخ الإسلام ووفيات المشاهير والأعلام، ج 2، ص 191، تحقيق د. عمر عبد السلام تدمرى، ناشر: دار الكتاب العربي - لبنان/ بيروت، الطبعة: الأولى، 1407هـ - 1987م.

الصفدي، صلاح الدين خليل بن أيبك (متوفاي764هـ)، الوافي بالوفيات، ج 16، ص 273، تحقيق أحمد الأرناؤوط وتركي مصطفى، ناشر: دار إحياء التراث - بيروت - 1420هـ- 2000م.

القرشي الدمشقي، إسماعيل بن عمر بن كثير أبو الفداء (متوفاي774هـ)، البداية والنهاية، ج 4، ص 29، ناشر: مكتبة المعارف – بيروت.

حاکم نيشابوری نے اس روايت کو نقل کرنے کے بعد اس کو صحيح قرار ديا ہے:

هذا حديث صحيح على شرط الشيخين ولم يخرجاه.

النيسابوري، محمد بن عبدالله أبو عبدالله الحاكم (متوفاي405 هـ)، المستدرك على الصحيحين، ج 3، ص 298، تحقيق: مصطفى عبد القادر عطا، ناشر: دار الكتب العلمية - بيروت، الطبعة: الأولى، 1411هـ - 1990م.

عمر ابن خطاب کا جنگ سے بھاگنے کا اعتراف:

ابوبکر اور عمر کے فرار کے دلائل ميں سے ايک خود جناب عمر کا اعتراف ہے کہ جس کو

ابومظفر کنانی نے لباب الآداب ميں اور ابن عبد البر قرطبی نے الإستذکار ميں نقل کيا ہے :

عن إسماعيل بن عمر رضي الله عنه قال: لما فرض عمر رضوان الله عليه الدواوين جاء طلحة بن عُبيد الله رحمه الله بنفرٍ من بني تميم يستفرض لهم، وجاء رجلٌ من الأنصار بغلامٍ مصفرٍّ سقيمٍ، فقال: من هذا الغلام؟ قال: هذا ابن أخيك البراء بن النضر، فقال عمر رضي الله عنه: مرحباً وأهلاً، وضمَّه إليه، وفرض له في أربعة آلاف، فقال طلحة: يا أمير المؤمنين، انظر في أصحابي هؤلاء، قال: نعم، ففرض لهم في ستمائة ستمائة، فقال طلحة: ما رأيت كاليوم شيئاً أبعد من شيء أي شيء هذا؟ فقال عمر رحمه الله عليه: أنت يا طلحة تظن أنني منزلٌ هؤلاء بمنزلة هذا؟ إني رأيت أبا هذا جاء يوم أُحدٍ وأنا وأبو بكر قد تحدثنا أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قُتل، فقال: يا أبا بكر، ويا عمر، ما لي أراكما جالسين؟ إن كان رسول الله صلى الله عليه وسلم قُتل فإن الله حي لا يموت، ثم ولّى بسيفه، فضُرب عشرين ضربة، أعدها في وجهه وصدره، ثم قُتِل رحمه الله.

اسماعيل بن عمر کہتا ہے : جس وقت عمر نے حکم ديا کہ لوگ بيت المال سے اپنے حقوق لينے کے لئے اپنا اپنا

نام لکھوائے تو طلحہ بن عبد اللہ یک تمیمی شخص کے ساتھ آیا

اور اپنا نام لکھنے کے لئے کہا ۔ ایک انصاری کمزور جوان بھی آیا اور اپنا لکھنے کے لئے کہا۔

عمر نے کہا : ہے کون ہے ؟ جواب دیا : آپ کے بھائی براء بن نضر کا بیٹا ہے ،عمر نے اس کو خوش آمدید کہا اور اس کو گلے ملایا اور پھر چار ہزار درھم اس کے لئے معین کیا ۔

طلحہ نے کہا : بھایو ہمارا بھی خیال رکھنا ، ان کے لئے بھی چھے سو چھے سو مقرر ہوا ۔طلحہ نے کہا : آج کی طرح حقوق تعین کرنے میں اتار و چڑاو نہیں دیکھا ہوں ۔ عمر نے کہا :

کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ میں تم اور تیرے دوستوں کو میرے بھائی کے بیٹے کے ساتھ ایک ہی سطح پر تم لوگوں کے برابر رکھوں؟ احد کے دن اس کا باپ میرے اور ابوبکر کے پاس آٰیا اور ہم دونوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کے شہید ہونے کے بارے میں گفتگو کر رہے تھے ۔

اس نے آکر کہا : کیوں بیٹھے ہو ؟ اگر رسول اللہ (ص) شہید ہو بھی جائے تو بھی ان کا اللہ تو ہے ، آُپ ان کے پاس زندہ ہیں اور مرئے نہیں ہیں ،یہ کہا اور تلوار ہاتھ میں کر کفار پر حملہ ور ہوئے اور انہوں نے کفار سے اپنے سینہ اور چہرے پر بیس رخم کھائے اور آخر کار شہید ہوئے۔

الكناني، أسامة بن منقذ أبو المظفر (متوفاى584هـ)، لباب الآداب، ج 1، ص 54؛

النمري القرطبي، يوسف بن عبد الله بن عبد البر (متوفاي463هـ)، الاستذكار الجامع لمذاهب فقهاء الأمصار، ج 3، ص 248، تحقيق: سالم محمد عطا، محمد علي معوض، ناشر: دار الكتب العلمية، بيروت، ، 2000 م .

عمر کا احد کی جنگ سے فرار :

خلیفه دوم نے اپنی خلافت کے زمانے میں ایک خطبہ دیا اور خطبے میں جنگ احد سے اپنے بھاگنے کا اعتراف کیا -

محمد بن جریر طبری نے اپنی تفسیر میں نقل کیا ہے:

خَطَبَ عُمَرُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، فَقَرَأَ آلَ عِمْرَانَ، فَلَمَّا انْتَهَى إِلى قَوْلِهِ: «إِنَّ الَّذِينَ تَوَلَّوْا مِنْكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعَانِ»، قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ أُحُدٍ هَزَمْنَاهُمْ فَفَرَرْتُ حَتَّى صَعِدْتُ الْجَبَلَ، فَلَقَدْ رَأَيْتُنِي أَنْزُو كَأَنَّنِي أَرْوَى، وَالنَّاسُ يَقُولُونَ: قُتِلَ مُحَمَّدٌ، فَقُلْتُ: لاَ أَجِدُ أَحَداً يَقُولُ قُتِلَ مُحَمَّدٌ إِلاَّ قَتَلْتُهُ، حَتَّى اجْتَمَعْنَا عَلى الْجَبَلِ، فَنَزَلَتْ:) إِنَّ الَّذِينَ تَوَلَّوْا مِنْكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعَانِ.

عمر نے جمعہ کے دن ایک خطبہ دیا اور سورہ آل عمران کی تلاوت کی یہاں تک کہ اس آیت تک پہنچا : «وہ لوگ کہ جنہوں نے دو لشکر کے آمنا سامنے ہوتے وقت آپ کو تنہا چھوڑا » اس کے بعد کہا : اُحُد میں جب ہم نے شکست کھائی تو میں بھاگا اور پہاڑی پر چڑھا اور مجھے ایسا لگ رہا تھا کہ گویا میں پہاڑی بکرے کی طرح اچھل گود رہا ہوں اور بہت پیاس بھی لگی تھی۔

لوگ کہہ رہے تھے : محمد قتل ہوگئے ۔میں نے کہا : جو بھی کہے کہ محمد قتل ہوئے ہیں میں اس کو قتل کر دوں گا ، یہاں تک کہ ہم پہاڑی پر جمع ہوگئے اس وقت یہ آیت نازل ہوئی ۔

الطبري، محمد بن جرير، جامع البيان عن تأويل آي القرآن، ج 4، ص 144، ناشر: دار الفكر، بيروت – 1405هـ؛

الأندلسي، أبو محمد عبد الحق بن غالب بن عطية، المحرر الوجيز في تفسير الكتاب العزيز، ج 1، ص 529، تحقيق: عبد السلام عبد الشافي محمد، ناشر: دار الكتب العلمية - لبنان، الطبعة: الاولى، 1413هـ- 1993م؛

السيوطي، الحافظ جلال الدين، جامع الاحاديث (الجامع الصغير وزوائده والجامع الكبير)، ج 14، ص 529 و....

فخر رازی کہ جو اهل سنت کے بڑئے مفسرين میں سے ہیں وہ لکھتے ہیں :

ومن المنهزمين عمر، الا أنه لم يكن في أوائل المنهزمين ولم يبعد، بل ثبت على الجبل إلى أن صعد النبي صلى الله عليه وسلم.

جنگ سے فرار ہونے والوں میں سے عمر بھی تھا ، البتہ شروع میں فرار کرنے والوں میں سے تو نہیں تھا ،یہ لوگ پہاڑی پر رہے یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم بھی ان سے آملے ۔

الرازي الشافعي، فخر الدين محمد بن عمر التميمي (متوفاي604هـ)، التفسير الكبير أو مفاتيح الغيب، ج 9، ص 42، ناشر: دار الكتب العلمية - بيروت، الطبعة: الأولى، 1421هـ - 2000م.

عثمان کا جنگ احد سے فرار :

ابن عبد البر کہ جو اہل سنت کے بزرگ علما میں سے ہے وہ لکھتا ہے :

وفر عثمان بن عفان وعقبة بن عثمان وسعد بن عثمان رجلان من الأنصار ثم من بني زريق حتى بلغوا الجلعب جبلا بناحية المدينة فأقاموا به ثلاثا ثم رجعوا إلى رسول الله عليه السلام....

عثمان بن عفان اورانصار میں سے دو نفر ، عقبۃ بن عثمان اور سعد بن عثمان اور بنی زریق کے بعض لوگ جنگ سے بھاگ گئے اور جلعب کی پہاڑی پر کہ جو مدینہ کے اطراف میں تھی، یہ لوگ تین دن رات وہیں رہے اور پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ کے پاس واپس پلٹے ....

إبن عبد البر، يوسف بن عبد الله بن محمد (متوفاي463هـ)، الاستيعاب في معرفة الأصحاب، ج 3، ص 1074، تحقيق علي محمد البجاوي، ناشر: دار الجيل - بيروت، الطبعة: الأولى، 1412هـ.

الصفدي، صلاح الدين خليل بن أيبك (متوفاي764هـ)، الوافي بالوفيات، ج 20، ص 61، تحقيق: أحمد الأرناؤوط وتركي مصطفى، ناشر: دار إحياء التراث - بيروت - 1420هـ- 2000م.

القرشي الدمشقي، إسماعيل بن عمر بن كثير أبو الفداء (متوفاي774هـ)، البداية والنهاية، ج 4، ص 28 29،، ناشر: مكتبة المعارف – بيروت.

فخر رازی نے اپنی تفسیر میں لکھا ہے :

ومنهم [المنهزمين] أيضا عثمان انهزم مع رجلين من الأنصار يقال لهما سعد وعقبة، انهزموا حتى بلغوا موضعا بعيدا ثم رجعوا بعد ثلاثة أيام.

عثمان اور انصار میں سے دو لوگ ، سعد اور عقبه بهاگ گئے اور دور کسی جگہ چلے گئے اور تین دن کے بعد واپس آئے .

الرازي الشافعي، فخر الدين محمد بن عمر التميمي (متوفاي604هـ)، التفسير الكبير أو مفاتيح الغيب، ج 9، ص 42، ناشر: دار الكتب العلمية - بيروت، الطبعة: الأولى، 1421هـ - 2000م.

بہت سے اہل سنت کے علما نے لکھا ہے کہ عثمان اور انصار کے دو نفر جنگ سے بھاگے اور تین دن کے بعد واپس آئے -

فر عثمان بن عفان وعقبة بن عثمان وسعد بن عثمان رجلان من الأنصار حتى بلغوا الجلعب جبل بناحية المدينة مما يلي الأعوص فأقاموا به ثلاثا ثم رجعوا إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال لهم لقد ذهبتم فيها عريضة.

عثمان بن عفان، عقبة بن عثمان اور سعد بن عثمان (دو انصاری) اتنے دور بھاگے یہاں تک کہ مدینہ کے نذدیک موجود جلعب کی پہاڑی کے نذدیک پہنچے اور تین دن تک وہیں رہنے کے بعد واپس آگئے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا : کتنے دور نگل گئے تھے ؟! »

الطبري، محمد بن جرير (متوفاي 310هـ)، جامع البيان عن تأويل آي القرآن، ج 4، ص 145، ناشر: دار الفكر، بيروت – 1405هـ

الطبري، محمد بن جرير (متوفاي 310هـ)، تاريخ الطبري، ج 2، ص 69، ناشر: دار الكتب العلمية – بيروت.

الجزري، عز الدين بن الأثير أبي الحسن علي بن محمد (متوفاي630هـ)، أسد الغابة في معرفة الصحابة، ج 4، ص 63، تحقيق عادل أحمد الرفاعي، ناشر: دار إحياء التراث العربي - بيروت / لبنان، الطبعة: الأولى، 1417 هـ - 1996 م؛

القرشي الدمشقي، إسماعيل بن عمر بن كثير أبو الفداء (متوفاي774هـ) السيرة النبوية، ج 3، ص 55 ؛

العسقلاني الشافعي، أحمد بن علي بن حجر أبو الفضل (متوفاي852هـ) المطالب العالية بزوائد المسانيد الثمانية، ج 17، ص 347، تحقيق: د. سعد بن ناصر بن عبد العزيز الشتري، ناشر: دار العاصمة/ دار الغيث، الطبعة: الأولى، السعودية - 1419هـ .

ابوبکر اور عمر کا جنگ خیبر سے بھاگنا :

سیوطی اور اھل سنت کے بہت سے بزرگان نے نقل کیا ہے :

عَنْ عَلِيَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: سَارَ رَسُولُ اللَّهِ إِلى خَيْبَرَ، فَلَمَّا أَتَاهَا رَسُولُ اللَّهِ بَعَثَ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ وَمَعَهُ النَّاسُ إِلى مَدِينَتِهِمْ وَإِلى قَصْرِهِمْ فَقَاتَلُوهُمْ، فَلَمْ يَلْبَثُوا أَنْ هَزَمُوا عُمَرَ وَأَصْحَابَهُ، فَجَاءَ يَجْبُنُهُمْ وَيَجْبُنُونَهُ، فَسَاءَ ذالِكَ رَسُولَ اللَّهِ فَقَالَ: لأَبْعَثَنَّ عَلَيْهِمْ رَجُلاً يُحِبُّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ، وَيُحِبُّهُ اللَّهُ وَرَسُولُهُ، يُقَاتِلُهُمْ حَتَّى يَفْتَحَ اللَّهُ لَهُ، لَيْسَ بِفَرَّارٍ، فَتَطَاوَلَ النَّاسُ لَهَا، وَمَدُّوا أَعْنَاقَهُمْ يَرُونَهُ أَنْفُسَهُمْ رَجَاءَ مَا قَالَ، فَمَكَثَ رَسُولُ اللَّهِ سَاعَةً فَقَالَ: أَيْنَ عَلِيٌّ؟ فَقَالُوا: هُوَ أَرْمَدُ، قَالَ: ادْعُوهُ لِي، فَلَمَّا أَتَيْتُهُ فَتَحَ عَيْنِي، ثُمَّ تَفَلَ فِيهَا، ثُمَّ أَعْطَانِي اللوَاءَ فَانْطَلَقْتُ بِهِ سَعْيَاً خَشْيَةَ أَنْ يُحْدِثَ رَسُولُ اللَّهِ فِيهَا حَدَثَاً أَوْ فِيَّ، حَتَّى أَتَيْتُهُمْ فَقَاتَلْتُهُمْ، فَبَرَزَ مَرْحَبٌ يَرْتَجِزُ، وَبَرَزْتُ لَهُ أَرْتَجِزُ كَمَا يَرْتَجِزُ حَتَّى الْتَقَيْنَا، فَقَتَلَهُ اللَّهُ بِيَدِي، وَانْهَزَمَ أَصْحَابُهُ، فَتَحَصَّنُوا وَأَغْلَقُوا الْبَابَ، فَأَتَيْنَا الْبَابَ، فَلَمْ أَزَلْ أُعَالِجُهُ حَتَّى فَتَحَهُ اللَّهُ). (ش، والْبزار، وسندُهُ حَسَنٌ).

علي عليه السلام نے فرمایا : رسول خدا (ص) خیبر کی طرف جنگ کرنے گئے ،زیادہ عرصہ نہیں گزرا تھا کہ عمر اور ان کے ساتھی بھاگ گئے اور پھر واپس آئے ،عمر ساتھیوں پر ڈرپوک ہونے کا الزام لگا رہا تھا اور ان کے ساتھی ان پر ڈرپوک ہونے کا الزام لگا رہے تھے ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ناراض ہوئے اور فرمایا: میں اس شخص کو جنگ کے لئے بھیج رہا ہوں کہ جو اللہ اور اللہ کے رسول ص سے محبت کرتا ہے اور اللہ اور اللہ کے رسول ان سے محبت کرتے ہیں وہ اہل خیبر سے جنگ کریں گے یہاں تک کہ فاتح واپس پلٹیں گے ۔

لوگوں نے گردنیں موڑ موڑ کر دیکھنا شروع کیا تاکہ یہ دیکھ سکے کہ سعادت کس کو نصیب ہوگی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے کچھ دیر کے بعد فرمایا : علی کہاں ہیں ؟جواب دیا : آپ کی آنکھوں میں تکلیف ہے ،فرمایا : انہیں بلا لائے ۔ اور جب حضرت علی علیہ السلام ان کے پاس پہنچے تو آُپ نے ان کی آنکھوں پر لعاب دھن لگایا اور پرچم ان کے ہاتھ میں دیا ۔

علی علیہ السلام سے نقل ہے : میں نے بھی جلدی حرکت کی .۔ اور دشمن سے جنگ کرنا شروع کیا مرحب میدان میں آیا میں نے اس نے رجز پڑھنا شروع کیا میں بھی میدان میں گیا اور رجز پڑھا اور اس سے جنگ کرنا شروع کیا، یہاں تک کہ اللہ نے یہدیوں کے اس مشہور پہلوان کو میرے ہاتھوں اس کے انجام کو پہنچایا ،اس کے دوست و احباب متفرق ہوئے اور قلعے کی طرف بھاگ نکلے اور قلعے کے دروازوں کو بند کیا ، میں قلعے کے پیچھے گیا اور اتنا زور دیا کہ اللہ نے دروازہ کھولا ۔

اس روایت کی سند بھی حسن ہے ۔

إبن أبي شيبة الكوفي، أبو بكر عبد الله بن محمد (متوفاي235 هـ)، الكتاب المصنف في الأحاديث والآثار، ج 7، ص 396، ح 36894، تحقيق: كمال يوسف الحوت، ناشر: مكتبة الرشد - الرياض، الطبعة: الأولى، 1409هـ.

البزار، أبو بكر أحمد بن عمرو بن عبد الخالق (متوفاي292هـ)، البحر الزخار، ج 11، ص 327، ح5140، تحقيق: د.

محفوظ الرحمن زين الله، ناشر: مؤسسة علوم القرآن، مكتبة العلوم والحكم - بيروت، المدينة، الطبعة: الأولى، 1409هـ.

جامع الاحاديث (الجامع الصغير وزوائده والجامع الكبير)، الحافظ جلال الدين السيوطي، ج 16، ص 135، ح 7406 و كتاب المصنف في الأحاديث والآثار، ابن أبي شيبة الكوفي، و البحر الزخار (مسند بزار) أحمد بن عمرو البزار (متوفاي 292هـ)، و...

حاكم نيشابوري، نے اس روايت كو نقل كرنے كے بعد لكها ہے :

هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه.

النيسابوري، محمد بن عبدالله أبو عبدالله الحاكم (متوفاي405 هـ)، المستدرك على الصحيحين، ج 3، ص 40، ح 4340، تحقيق: مصطفى عبد القادر عطا، ناشر: دار الكتب العلمية - بيروت، الطبعة: الأولى، 1411هـ - 1990م

هيثمی نے مجمع الزوائد ميں لكها ہے :

رواه البزار وفيه نعيم بن حكيم وثقه ابن حبان وغيره وفيه لين.

الهيثمي، علي بن أبي بكر (متوفاي807 هـ)، مجمع الزوائد ومنبع الفوائد، ج 6، ص 151، ناشر: دار الريان للتراث / دار الكتاب العربي - القاهرة، بيروت – 1407هـ.

نعيم بن حكيم بخاری كے راويوں ميں سے ہے اور يحيی بن معين نے اس كی توثيق كی ہے -

مزی نے تهذيب الكمال ميں لكها ہے :

وقال عبد الخالق بن منصور، عن يحيى بن معين: ثقة. وكذلك قال العجلي... روى له البخاري في كتاب " رفع اليدين في الصلاة "، وأبو داود النسائي في " خصائص علي "، وفي " مسنده ".

عبد الخالق بن منصور نے يحيی بن معين سے نقل كيا ہے كہ نعيم بن حكيم ثقہ ہے ، عجلی نے بهی يہی كہا ہے ، بخاری نے اپنی كتاب رفع اليدين فی الصلاة ميں، ابوداود اور نسائی نے خصائص علي اور اپنی مسند ميں اس سے روايت نقل كيا ہے .

المزي، يوسف بن الزكي عبدالرحمن أبو الحجاج (متوفاي742هـ)، تهذيب الكمال، ج 29، ص 465، تحقيق د. بشار عواد معروف، ناشر: مؤسسة الرسالة - بيروت، الطبعة: الأولى، 1400هـ – 1980م.

ذهبی نے اس كے بارے ميں كہا ہے :

نعيم بن حكيم المدائني، عن أبي مريم الثقفي، وعنه القطان، وشبابة، ثقة، مات 148.

نعيم بن حكيم نے ابومريم ثقفی سے روايت نقل كيا ہے اور قطان اور شبابه نے اس سے روايت نقل كيا ہے اور

(نعیم بن حکیم) قابل اعتماد ہے اور 148 ہجری کو دنیا سے چلا گیا ہے .

الذهبي، شمس الدين محمد بن أحمد بن عثمان، (متوفاي748هـ)، الكاشف في معرفة من له رواية في الكتب الستة، ج 2، ص 323، شماره: 5855، تحقيق محمد عوامة، ناشر: دار القبلة للثقافة الإسلامية، مؤسسة علو - جدة، الطبعة: الأولى، 1413هـ - 1992م.

لہذا اس روایت کی سند بلکل صحیح ہے .

ذہبی نے اپنی کتاب تاریخ الإسلام میں لکھا ہے :

عن عبد الرحمن بن أبي ليلى قال: كان علي يلبس في الحر والشتاء القباء المحشو الثخين وما يبالي الحر، فأتاني أصحابي فقالوا: إنا قد رأينا من أمير المؤمنين شيئاً فهل رأيته فقلت: وما هو قالوا: رأيناه يخرج علينا في الحر الشديد في القباء المحشو وما يبالي الحر، ويخرج علينا في البرد الشديد في الثوبين الخفيفين وما يبالي البرد، فهل سمعت في ذلك شيئاً فقلت: لا.

فقالوا: سل لنا أباك فإنه يسمر معه. فسألته فقال: ما سمعت في ذلك شيئاً. فدخل عليه فسمر معه فسأله فقال علي: أوما شهدت معنا خيبر قال: بلى. قال: فما رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم حين دعا أبا بكر فعقد له وبعثه إلى القوم، فانطلق فلقي القوم، ثم جاء بالناس وقد هزموا فقال: بلى. قال: ثم بعث إلى عمر فعقد له وبعثه إلى القوم، فانطلق فلقي القوم فقاتلهم ثم رجع وقد هزم، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم عند ذلك: لأعطين الراية رجلاً يحبه الله ورسوله ويحب الله ورسوله يفتح الله عليه غير فرار فدعاني فأعطاني الراية، ثم قال: اللهم اكفه الحر والبرد، فما وجدت بعد ذلك حراً ولا برداً.

عبد الرحمن بنأبی لیلی کہتا ہے کہ : علي (علیہ السلام) گردمیوں اور سردی کے موسم میں بھی موٹا کپڑا پہنتے تھے اور گرمی کی پروا نہیں کرتے تھے ،میرے دوست آئے اور مجھ سے کہا : ہم امیر المومنین علیہ السلام میں ایک عجیب چیز دیکھ رہے ہیں کہ آپ گرمیوں میں موٹا لباس پہنتے ہیں اور سردیوں میں نازک لباس ، ان لوگوں نے مجھ سے کہا : کیا آپ نے اس بارے میں کچھ سنا ہے ؟

میں نے کہا : نہیں ۔ ان لوگوں نے کہا : آپ کے والد کیونکہ ان کے ساتھ رہتے تھے ،ان سے پوچھنا ۔میں نے اپنے والد سے پوچھا ،انہوں نے بھی کہا: مجھے معلوم نہیں ۔

لیکن میرے والد خود حضرت علی علیہ السلام کے پاس گئےاور ان سے پوچھا ،انہوں نے جواب دیا : کیا خیبر میں ہمارے ساتھ نہیں تھے ؟ کہا : جی ہاں میں بھی تھا ۔ پھر فرمایا : کیا خیبر میں نہیں دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے ابوبکر کو کچھ لوگوں کے ساتھ جنگ کے لئے بھیجا ،لیکن شکست کھا کر واپس پلٹے ،پھر آپ نے عمر کو روانہ کیا وہ بھی اسی طرح واپس پلٹا ؟ میں نے کہا : جی میں نے یہ دیکھا ہے ۔

اس کے بعد رسول اللہ (ص) نے فرمایا :

کل میں علم اس شخص کو دوں گا جو اللہ اور اللہ کے رسول ص سے محبت کرتا ہے اور اللہ اور اللہ کے رسول

ان سے محبت کرتے ہیں اور خیبر ان کے ہاتھ سے فتح ہوگا ۔پھر مجھے آواز دی اور علم میرے ہاتھ میں دیا اور میرے لئے یوں دعا کی ؛ اے اللہ انہیں سردی اور گردمی سے بچائے ۔اس دعا کے بعد سے آج تک سردی اور گرمی کا مجھ پر اثر نہیں ہوتا اور سردی اور گرمی میرے لئے نقصان دہ نہیں ہے ۔

الذهبي، شمس الدين محمد بن أحمد بن عثمان، (متوفاي748هـ)، تاريخ الإسلام ووفيات المشاهير والأعلام، ج 2، ص 412، تحقيق د. عمر عبد السلام تدمرى، ناشر: دار الكتاب العربي - لبنان/ بيروت، الطبعة: الأولى، 1407هـ - 1987م.

إبن أبي شيبة الكوفي، أبو بكر عبد الله بن محمد (متوفاي235 هـ)، الكتاب المصنف في الأحاديث والآثار، ج 6، ص 367، ح 32080، تحقيق: كمال يوسف الحوت، ناشر: مكتبة الرشد - الرياض، الطبعة: الأولى، 1409هـ.

سیوطی اور متقی ھندی نے اس روایت کو نقل کرنے کے بعد لکھا ہے :

(ش، حم، ه، والبزار وابن جرير وصَحَّحَهُ، طس، ك، ق فِي الدَّلائل، ض).

السيوطي، الحافظ جلال الدين، جامع الاحاديث (الجامع الصغير وزوائده والجامع الكبير)، ج 16، ص 243؛

الهندي، علاء الدين علي المتقي بن حسام الدين (متوفاي975هـ)، كنز العمال في سنن الأقوال والأفعال، ج 13، ص 53، تحقيق: محمود عمر الدمياطي، ناشر: دار الكتب العلمية - بيروت، الطبعة: الأولى، 1419هـ - 1998م.

حاکم نیشابوری نے المستدرك، میں اس کو امیر المومنین ع سے نقل کرنے کے بعد لکھا ہے :

عن أبي ليلى عن علي أنه قال يا أبا ليلى أما كنت معنا بخيبر قال بلى والله كنت معكم قال فإن رسول الله صلى الله عليه وسلم بعث أبا بكر إلى خيبر فسار بالناس وانهزم حتى رجع.

هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه

علي (عليه السلام) نے ابولیلی سے فرمایا : کیا تم خیبر میں نہیں تھا؟ کہا: جی میں بھی تھا اللہ کی قسم آپ کے ساتھ تھا ، علي (عليه السلام) نے فرمایا : رسول خدا (صلی اللہ علیہ وآلہ) نے بعض کو ابوبکر کی کمانڈری میں خیبر فتح کرنے کے لئے روانہ فرمایا، لیکن یہ لوگ شکست کھا کر واپس پلٹے ۔

اس روایت کی سند صحیح ہے لیکن بخاری اور مسلم نے اس کو نقل نہیں کیا ہے ۔

النيسابوري، محمد بن عبدالله أبو عبدالله الحاكم (متوفاي405 هـ)، المستدرك على الصحيحين، ج 3، ص 39، تحقيق: مصطفى عبد القادر عطا، ناشر: دار الكتب العلمية - بيروت، الطبعة: الأولى، 1411هـ - 1990م

رسول اللہ (ص) ابوبکر اور عمر کے بھاگنے سے ناراض ہوئے :

إیجی نے المواقف میں نقل کیا ہے :

روي أنه صلى الله عليه وسلم بعث أبا بكر أولا فرجع منهزما وبعث عمر فرجع كذلك فغضب النبي صلى الله عليه وسلم لذلك فلما أصبح خرج إلى الناس ومعه راية فقال (لأعطين..) إلى آخره.

نقل ہوا ہے کہ رسول اللہ (ص) نے پہلے ابوبکر کو خیبر فتح کرنے کے لئے روانہ فرمایا ،وہ شکست کھا کر واپس پلٹے ،پحر عمر کو بھیجا وہ بھی شکست کھا کر واپس پلٹے ، پیغمبر (ص) ناراض ہوئے ،اگلے دن صبح کے وقت آپ کے ہاتھ میں پرچم تھا اور آپ نے فرمایا ...... »

الإيجي، عضد الدين (متوفاي756هـ)، كتاب المواقف، ج 3، ص 634، تحقيق: عبد الرحمن عميرة، ناشر: دار الجيل، لبنان، بيروت، الطبعة: الأولى، 1417هـ، 1997م.

القاضی الجرجانی، علي بن محمد (متوفاي 816هـ)، شرح المواقف، ج 8، ص 369. ناشر: مطبعة السعادة - مصر، الطبعة الأولى، 1325هـ - 1907 م.

عمر کا جنگ حنین سے بھاگنا :

محمد بن اسماعیل بخاری نے اپنی صحیح میں نقل کیا ہے :

عَنْ أَبِي قَتَادَةَ رضى الله عنه قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم عَامَ حُنَيْنٍ، فَلَمَّا الْتَقَيْنَا كَانَتْ لِلْمُسْلِمِينَ جَوْلَةٌ، فَرَأَيْتُ رَجُلاً مِنَ الْمُشْرِكِينَ عَلاَ رَجُلاً مِنَ الْمُسْلِمِينَ، فَاسْتَدَرْتُ حَتَّى أَتَيْتُهُ مِنْ وَرَائِهِ حَتَّى ضَرَبْتُهُ بِالسَّيْفِ عَلَى حَبْلِ عَاتِقِهِ، فَأَقْبَلَ عَلَىَّ فَضَمَّنِي ضَمَّةً وَجَدْتُ مِنْهَا رِيحَ الْمَوْتِ، ثُمَّ أَدْرَكَهُ الْمَوْتُ فَأَرْسَلَنِي، فَلَحِقْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَقُلْتُ مَا بَالُ النَّاسِ قَالَ أَمْرُ اللَّهِ، ثُمَّ إِنَّ النَّاسَ رَجَعُوا....

ابوقتادہ نے بیان کیا کہ غزوہ حنین کے سال ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے ساتھ روانہ ہوئے۔ پھر جب ہمارا دشمن سے سامنا ہوا تو (ابتداء میں) اسلامی لشکر ہارنے لگا۔ اتنے میں میں نے دیکھا کہ مشرکین کے لشکر کا ایک شخص ایک مسلمان کے اوپر چڑھا ہوا ہے۔ اس لیے میں فوراً ہی گھوم پڑا اور اس کے پیچھے سے آ کر تلوار اس کی گردن پر ماری۔ اب وہ شخص مجھ پر ٹوٹ پڑا، اور مجھے اتنی زور سے دبایا کہ میری روح قبض ہونے کو تھی۔ آخر جب وہ مر گیا ، تب کہیں جا کر اس نے مجھے چھوڑا۔ اس کے بعد مجھے عمر بن خطاب ملے، تو میں نے ان سے پوچھا کہ مسلمان اب کس حالت میں ہیں؟ انہوں نے کہا کہ جو اللہ کا حکم تھا وہی ہوا۔

البخاري الجعفي، محمد بن إسماعيل أبو عبدالله (متوفاي256هـ)، صحيح البخاري، ج 4 ص 58، ح3142، كتاب فرض الخمس، ب 18، باب مَنْ لَمْ يُخَمِّسِ الأَسْلاَبَ و ج 5 ص 100، كتاب المغازی، ب 54، باب قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى (وَيَوْمَ حُنَيْنٍ...، ح 4321، تحقيق: د. مصطفى ديب البغا، ناشر: دار ابن كثير، اليمامة - بيروت، الطبعة: الثالثة، 1407هـ – 1987م.

صالحی شامی نے سبل الهدی میں لکھا ہے :

وكان المسلمون بلغ أقصى هزيمتهم مكة، ثم كروا بعد وتراجعوا، فاسهم لهم رسول الله، صلى الله عليه وسلم، جميعا، وكانت أم الحارث الانصارية آخذة بخطام جمل الحارث زوجها، وكان يسمى المجسار فقالت: يا حار أتترك رسول الله، صلى الله عليه وسلم، والناس يولون منهزمين؟ وهي لا تفارقه، قالت: فمر علي عمر بن الخطاب فقلت: يا عمر ما هذا؟ قال: أمر الله تعالى.

الصالحي الشامي، محمد بن يوسف (متوفاي942هـ)، سبل الهدى والرشاد في سيرة خير العباد، ج 5، ص 331، تحقيق: عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض، ناشر: دار الكتب العلمية - بيروت، الطبعة: الأولى، 1414هـ.

جنگ حنین میں بعض مسلمان بھاگ نکلے ،یہاں تک کہ بعض مدینہ پہنچ گئے اور پھر واپس پلٹے ،پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے ان میں سے ہر ایک کے لئے ایک حصہ دیا ، امّحارث انصاری نے اپنے شوہر کی سواری کہ جس کا نام مجسار تھا ،اس کا مہار پکڑا اور کہا : اے حارث! کیا تو نے رسول اللہ ص کو تنہا چھوڑا ؟ سب لوگ بھاگ رہے تھے لیکن یہ عورت اپنے شوہر کو نہیں چھوڑ رہی تھی ، خود وہ کہتی ہے ،عمر ہمارے سامنے سے بھاگ رہا تھا میں نے کہا : اے عمر یہ کیا کام ہے جو تم کر رہے ہو ؟ عمر نے کہا : یہ اللہ کا فرمان ہے ۔

ابن حجر عسقلانی نے فتح الباري میں ، عینی نے عمدة القاري میں ، شوکانی نے نيل الأوطار میں اور عظیم آبادی نے عون المعبود میں ، عمر کے اس قول کی وجیہ میں لکھا ہے :

قوله (أمر الله) أي حكم الله وما قضى به.

«امر الله» کا معنی یہ ہے کہ اس وقت قضا و قدر الھی یہ ہے کہ ہم بھاگیں ۔

العسقلاني الشافعي، أحمد بن علي بن حجر أبو الفضل (متوفاي852هـ)، فتح الباري شرح صحيح البخاري، ج 8، ص 29، تحقيق: محب الدين الخطيب، ناشر: دار المعرفة - بيروت.

العيني، بدر الدين محمود بن أحمد (متوفاي855هـ)، عمدة القاري شرح صحيح البخاري، ج 17، ص 299، ناشر: دار إحياء التراث العربي – بيروت.

العظيم آبادي، محمد شمس الحق (متوفاي1329هـ)، عون المعبود شرح سنن أبي داود، ج 7 ص 275، ناشر: دار الكتب العلمية - بيروت، الطبعة: الثانية، 1995م.

اگر عمر کی اس بات کو قبول کرئے ، تو دنیا میں کوئی بھی گناہ گار دنیا میں باقی نہیں رہے گا کیونکہ سب اپنے گناہوں کی اس طرح توجیہ کر سکتا ہے ۔ البتہ ممکن ہے عمر کا مقصود یہ ہو کہ اس وقت اللہ کا حکم یہ ہے کہ ہم جنگ سے بھاگ نکلے ،جیساکہ عینی نے عمدة القاری میں ایک اور جگہ پر لکھا ہے :

(قال: أمر الله)، أي: قال عمر: جاء أمر الله تعالى.

العيني، بدر الدين محمود بن أحمد (متوفاي855هـ)، عمدة القاري شرح صحيح البخاري، ج 15، ص 68، ناشر: دار

إحياء التراث العربي – بيروت.

اگر یہی معنی ہو تو اس سے مسئلہ اور زیادہ خراب ہوگا کیونکہ نہ صرف جنگ سے بھاگ رہا ہے بلکہ اپنے اس کام کو اللہ کا حکم کہہ کر اس کام کو اللہ کی طرف نسبت دئے رہا ہے،

اب اولا: یہ بات اللہ کے حکم کی خلاف ورزی ہے ، جنگ سے بھاگ نکلا تو اس پر اللہ ناراض ہوگا اور وہ اللہ غیض و غضب کا شکار ہوگا ۔:

يَأَيُّهَا الَّذِينَ ءَامَنُواْ إِذَا لَقِيتُمُ الَّذِينَ كَفَرُواْ زَحْفًا فَلا تُوَلُّوهُمُ الْأَدْبَار.

وَ مَن يُوَلِّهِمْ يَوْمَئذٍ دُبُرَهُ إِلا مُتَحَرِّفًا لِّقِتَالٍ أَوْ مُتَحَيزًّا إِلىَ فِئَةٍ فَقَدْ بَاءَ بِغَضَبٍ مِّنَ اللَّهِ وَ مَأْوَئهُ

اے ایمان والو! جب تم کافروں سے دو بدو مقابل ہو جاؤ تو ان سے پشت مت پھیرنا

اور جو شخص ان سے اس موقع پر پشت پھیرے گا مگر ہاں جو لڑائی کے لیے پینترا بدلتا ہو یا جو (اپنی) جماعت کی طرف پناہ لینے آتا ہو وہ مستثنیٰ ہے*۔ باقی اور جو ایسا کرے گا وہ اللہ کے غضب میں آجائے گا اور اس کا ٹھکانہ دوزخ ہوگا وہ بہت ہی بری جگہ ہے!.!.

ثانیاً: یہ وہی جاہلانہ اور مشرکوں کا طرز فکر ہے جہاں یہ لوگ اپنے ایمان نہ لانے کو مشیت الٰہی قرار دیتے ہیں :

سَيَقُولُ الَّذِينَ أَشْرَكُوا لَوْ شَاءَ اللهُ مَا أَشْرَكْنَا وَلاَ آبَاؤُنَا وَلاَ حَرَّمْنَا مِنْ شَيْءٍ كَذَلِكَ كَذَّبَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ حَتَّى ذَاقُوا بَأْسَنَا قُلْ هَلْ عِنْدَكُمْ مِنْ عِلْمٍ فَتُخْرِجُوهُ لَنَا إِنْ تَتَّبِعُونَ إِلاَّ الظَّنَّ وَإِنْ أَنْتُمْ إِلاَّ تَخْرُصُون.َ الانعام: 6/148.

جو لوگ شرک کرتے ہیں وہ کہیں گے کہ اگر اللہ چاہتا تو ہم شرک نہ کرتے اور نہ ہمارے باپ دادا شرک کرتے اور نہ ہم کسی چیز کو حرام ٹھیراتے۔ اسی طرح ان لوگوں نے تکذیب کی تھی جو ان سے پہلے تھے یہاں تک کہ ہمارے عذاب کا مزہ چکھ کر رہے کہدو کیا تمہارے پاس کوئی سند ہے اگر ہے تو اسے ہمارے سامنے لاؤ۔ تم لوگ تو بس گمان کے پیچھے چلتے اور اٹکل کے تیر چلاتے ہو۔

عمر بن خطاب کفار سے ڈرتا تھا :

رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے عمر ابن خطاب کو کفار مکہ کی طرف بھیجنا چاہا تو عمر نے یہ کہہ کر جاننے سے انکار کیا : مجھے قریش سے اپنی جان کا خطرہ ہے۔

فَدَعَا عُمَرَ لِيَبْعَثَهُ إِلَى مَكَّةَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي أَخَافُ قُرَيْشًا عَلَى نَفْسِي وَلَيْسَ بِهَا مِنْ بَنِي عَدِيٍّ أَحَدٌ يَمْنَعُنِي وَقَدْ عَرَفَتْ قُرَيْشٌ عَدَاوَتِي إِيَّاهَا وَغِلْظَتِي عَلَيْهَا وَلَكِنْ أَدُلُّكَ عَلَى رَجُلٍ هُوَ أَعَزُّ مِنِّي عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ قَالَ فَدَعَاهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَعَثَهُ إِلَى قُرَيْشٍ يُخْبِرُهُمْ أَنَّهُ لَمْ يَأْتِ لِحَرْبٍ.....

مسند أحمد (4/ 324): المؤلف : أبو عبد الله أحمد بن محمد بن حنبل بن هلال بن أسد الشيباني(المتوفى : 241هـ) الناشر : عالم الكتب – بيروت الطبعة : الأولى ، 1419هـ ـ 1998 م عدد الأجزاء : 6

استاد عبد الکریم مصري نے ابوبکر اور عثمان کی شجاعت کا انکار کیا ہے :

استاد عبد الکریم الخطیب مصري، کہ جو ریاض میں 1973 سے 1975 تک علوم تفسیر یونورسٹی کا استاد تھا ،وہ ابوبکر کی شجاعت کے بارے لکھتا ہے :

فأبو بكر لم يعرف عنه أنه كان ذا مكانة معروفة في مواقع القتال.

یہ کہ ابوبکر جنگوں میں کوئی خاص حیثیت رکھتا تھا ،ایسی چیز ہے جو معلوم نہیں ہے .

الخطيب، عبد الكريم، عمر بن الخطاب، ص 186، ط مصر،1961م

اسی طرح اپنی ایک اور کتاب میں لکھتا ہے :

فحسان ابن ثابت (رضي الله عنه) لم يكن من المحاربين المعدودين في ميادين الحرب والنضال، ومثله غير واحد من صحابة الرسول كأبي بكر، وعثمان....

